بسم اللہ الرحمن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

ضمنی امتحان شہادۃ الثانویۃ الخاصۃ (ایف اے سال اول) برائے طلباء سال ۱۴۳۶ھ/2015ء

وقت: تین گھنٹے | پہلا پرچہ: قرآن و حدیث | کل نمبر: 100

نوٹ۔ تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اول: ترجمہ قرآن مجید

سوال نمبر1 درج ذیل میں سے کسی پانچ آیات مقدسہ کا ترجمہ تحریر کریں۔ ۳۰

۱۔ يَحْلِفُونَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ فَإِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ.

۲۔ يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَتْكُمْ مَوْعِظَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ وَشِفَاءٌ لِمَا فِي الصُّدُورِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ.

۳۔ قَالَ رَبِّ السِّجْنُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا يَدْعُونَنِي إِلَيْهِ وَإِلَّا تَصْرِفْ عَنِّي كَيْدَهُنَّ أَصْبُ إِلَيْهِنَّ وَأَكُنْ مِنَ الْجَاهِلِينَ.

۴۔ مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِينَ أَنْ يَعْمُرُوا مَسَاجِدَ اللّٰهِ شَاهِدِينَ عَلٰى أَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ أُولٰئِكَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ وَفِي النَّارِ هُمْ خَالِدُونَ.

۵۔ سُبْحَانَ الَّذِي أَسْرٰى بِعَبْدِهِ لَيْلًا مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ إِلَى الْمَسْجِدِ الْأَقْصَى الَّذِي بَارَكْنَا حَوْلَهُ لِنُرِيَهُ مِنْ آيَاتِنَا إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ.

۶۔ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُومًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهِ سُلْطَانًا فَلَا يُسْرِفْ فِي الْقَتْلِ إِنَّهُ كَانَ مَنْصُورًا

سوال نمبر2 درج ذیل میں سے کسی دس الفاظ کے معانی تحریر کریں۔ ۱۰

بينة فئة مائتين براءة خفافا الالا لياهم صلصال

عون غل كظيم السقاية لحن

حصہ دوم: حدیث

سوال نمبر3 درج ذیل میں سے دو احادیث مبارکہ کا ترجمہ تحریر کریں۔ ۲۰

۱۔ عن عائشة رضي الله عنها قالت ما رأيت رسول الله ﷺ مستجمعا قط ضاحكا حتى ترى منه لهواته انما كان يتبسم.

۲۔ وعن ابن عباس رضي الله عنهما ان رسول الله ﷺ قال والبسوا من ثيابكم البياض فانها من خير ثيابكم وكفنوا فيها موتاكم.

۳۔ وعن ابي هريرة رضي الله عنه قال قال رسول الله ﷺ لاتدخلوا الجنة حتى تؤمنوا ولا تؤمنوا حتى تحابوا اولا دكم على شيء اذا فعلتموه تحاببتم افشوا السلام بينكم.

سوال نمبر4 درج ذیل میں سے کسی ایک حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ تحریر کریں۔ ۲۰

۱۔ عن ابي هريرة رضي الله عنه عن النبي ﷺ قال نفس المؤمن معلقة بدينه حتى يقضى عنه.

۲۔ عن كعب بن مالك رضي الله عنه ان النبي ﷺ خرج في غزوة تبوك يوم الخميس وكان يحب ان يخرج يوم الخميس.

سوال نمبر5 درج ذیل میں سے پانچ الفاظ کے معانی لکھیں۔ ۱۰

شوك رماد قصعة قربة بطر القاعد احساب البكور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

ضمنی امتحان شهادة الثانوية الخاصة (ایف اے سال اول) برائے طلباء سال ۱۴۳۶ھ/2015ء

وقت: تین گھنٹے	دوسرا پرچہ: فقہ و اصول فقہ	کل نمبر: 100

نوٹ، دونوں حصوں سے دو دو سوال حل کریں۔

حصہ اول : فقہ

سوال نمبر1۔ النكاح ينعقد بالايجاب والقبول بلفظين يعبر بهما عن الماضي. ۲۵
نکاح کیسے منعقد ہوتا ہے؟ مثال دیکر وضاحت کریں نیز کم از کم ایسی آٹھ عورتوں کے متعلق بتائیں جن کے ساتھ نکاح کرنا جائز نہیں۔

سوال نمبر2۔ واذا عدم الوصفان الجنس والمعنى المضموم اليه حل التفاضل والنساء واذا وجد احرم التفاضل والنساء واذا وجد احدهما وعدم الآخر حل التفاضل وحرم النساء.
مذکورہ بالا عبارت کا ترجمہ کریں اور مذکورہ مسئلہ کی تشریح وتوضیح مع امثلہ تحریر کریں۔ ۲۵

سوال نمبر3۔ درج ذیل اصطلاحات فقیہ میں سے پانچ کی تعریفات قلمبند کریں۔ ۲۵
الاقالہ. خیار شرط. خیار رؤیت. خیار عیب. بیع باطل. بیع مضاربہ.

حصہ دوم : اصول فقہ

سوال نمبر4۔ فان اصول الفقه اربعة كتاب الله تعالى وسنة رسوله واجماع الامة والقياس۔
(الف) عبارت کا ترجمہ کریں نیز بتائیں کہ کتاب اللہ اور سنت رسول کی کتنی مقدار مراد ہے؟ اور اجماع امت سے کس امت کا اجماع مراد ہے؟ ۱۵
(ب) علم اصول فقہ کی تعریف، موضوع اور غرض تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر5۔ والعام كل لفظ ينتظم جمعا من الافراد اما لفظا كقولنا مسلمون ومشركون واما معنى كقولنا من وما.
(الف) مذکورہ بالا عبارت کا ترجمہ کریں اور تشریح اس انداز سے کریں کہ عام کی تعریف واضح ہوجائے نیز خط کشیدہ قیود کے فوائد تحریر کریں۔ ۱۵
(ب) عام کو خاص سے مؤخر ذکر کرنے کی کم از کم دو وجہیں نقل کریں۔ ۱۰

سوال نمبر6. المشترک ماوضع لمعنيين مختلفين او لمعان مختلفة الحقائق.
(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ و تشریح کریں نیز مشترک کا حکم اور کم از کم دو مثالیں سپرد قلم کریں۔ ۱۵
(ب) مؤول کی تعریف، حکم اور کم از کم دو مثالیں تحریر کریں۔ ۱۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

ضمنی امتحان شهادة الثانوية الخاصة (ایف اے سال اول) برائے طلباء سال ۱۴۳۶ھ/2015ء

وقت: تین گھنٹے | تیسرا پرچہ: نحو | کل نمبر:100

نوٹ۔ آخری سوال لازمی ہے باقی کوئی سے تین سوال حل کریں

سوال نمبر1۔(الف) وهي اسم وفعل وحرف... ھی ضمیر کا مرجع متعین کرتے ہوئے بتائیں کہ ھی (مبتدا) اور اسم وفعل وحرف (خبر) کے درمیان تذکیر و تانیث کی مطابقت کیوں نہیں۔ ۱۰

(ب) کلمہ کی اقسام ثلثہ میں منحصر ہونے کی وجہ لکھیں۔ ۱۰

(ج) کلمہ کی عربی میں تعریف لکھ کر ترکیب نحوی تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر2۔(الف) کافیہ کی روشنی میں معرب کی تعریف لکھیں اور حکم معرب کی مکمل وضاحت سپرد قلم کریں۔ ۱۰

(ب) غیر منصرف کی تعریف اور اسباب منع صرف مع امثلہ تحریر کریں۔ ۱۰

(ج) عدل کی تعریف لکھتے ہوئے عدل کی دونوں قسموں کی مثالوں سے وضاحت کریں۔ ۱۰

سوال نمبر3۔(الف) کافیہ کے مطابق کل مرفوعات کتنے ہیں؟ تمام کے نام اور ایک ایک مثال پیش کریں۔ ۱۰

(ب) مفعول بہ کی تعریف کریں نیز اس کے فعل کے حذف جوازی و وجوبی کے مقامات مع امثلہ لکھیں۔ ۱۰

(ج) وانما يجوز حذفها اذا كان فعلا لفاعل الفعل المعلل به ومقارنا له في الوجود۔ عبارت پر اعراب لگا کر بتائیں کہ یہ کس کے حذف کے متعلق ہے مکمل وضاحت مطلوب ہے۔ ۱۰

سوال نمبر4۔(الف) صفت کی تعریف کریں اور فوائد صفت مثالوں کیساتھ لکھیں۔ ۱۰

(ب) ترکیب ثنائی عقلی کی کتنی اور کون کون سی صورتیں ہیں نیز ان میں سے کلام کتنی صورتوں میں سے حاصل ہوتا ہے اور کیوں؟ ۱۰

(ج) کوئی پانچ اصطلاحات نحویہ کی تعریف کریں بشرطیکہ وہ پرچہ میں پہلے سے مذکور نہ ہوں۔ ۱۰

سوال نمبر5۔ کسی پانچ کو دیئے گئے جوابات میں سے صحیح جواب کے ساتھ تحریر کریں۔ ۱۰

سوال			
۱۔ الکافیۃ میں تا کونسی ہے	وحدت	مبالغہ	عوض
۲۔ کافیہ کے مصنف ہیں	عثمان	عبدالرحمٰن	عمرو
۳۔ لا يتاتى ذالك الا في اسمين او اسم وفعل میں لا یتاتی کا معنی..... ہے	لایاتی	لایحصل	لایقوم
۴۔ کلمہ کی وجہ حصر میں مصنف نے...... کو مقدم رکھا	فعل	حرف	اسم
۵۔ کافیہ نصاب میں ہے	مکمل	نصف	مخصوص حصہ
۶۔ کافیہ ماخوذ ہے	مفصل سے	ایضاح سے	شرح جامی سے
۷۔ مستثنیٰ مفرغ ہوتا ہے	منصوب	ماقبل سے بدل	اپنے عامل کے مطابق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

ضمنی امتحان شہادۃ الثانویۃ الخاصۃ (ایف اے سال اول) برائے طلباء سال ۱۴۳۶ھ/2015ء

وقت: تین گھنٹے | چوتھا پرچہ: منطق وعربی ادب | کل نمبر: 100

نوٹ۔ دونوں حصوں سے دو دو سوال حل کریں۔

حصہ اول: منطق

سوال نمبر1۔ التضمنية والالتزامية لاتوجدان بدون المطابقة وذلک لان الجزء لايتصور بدون الکل و کذااللازم بدون الملزوم والتابع لايوجد بدون المتبوع والمطابقة قدتوجد بدونهما لجواز ان يوضع اللفظ لمعنی بسيط لاجزء له ولالازم له

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر اردو ترجمہ کریں۔ ۱۰

(ب) دلالت مطابقی، تضمنی اور التزامی کی تعریفات مع امثلہ سپرد قلم کریں۔ ۱۵

سوال نمبر2۔ (الف) علم تصور اور علم تصدیق کی تعریف کریں۔ ۱۰

(ب) تصور نظری اور تصدیق بدیہی کسے کہتے ہیں؟ مع امثلہ تحریر کریں۔ ۱۰

(ج) علم منطق کی تعریف مرقاۃ کی روشنی میں تحریر کریں نیز مرقاۃ کی روشنی میں علم منطق کے دیگر نام لکھیں۔ ۵

سوال نمبر3۔ (الف) دو کلیوں کے درمیان کتنی طرح کی نسبتیں پائی جاتی ہیں؟ ہر ایک کو مع امثلہ لکھیں۔ ۱۵

(ب) جنس، نوع اور فصل میں سے ہر ایک کی تعریف مع امثلہ تحریر کریں۔ ۱۰

حصہ دوم: عربی ادب

سوال نمبر4۔ (الف) ادب اسلامی کے اسباب ومصادر تفصیل سے بیان کریں۔ ۱۵

(ب) ادب اسلامی کی قسمیں اور رجحانات بیان کریں۔ ۱۰

سوال نمبر5۔ (الف) عہد بنوامیہ میں علوم کی حالت پر روشنی ڈالیں۔ ۱۰

(ب) حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو جو نصیحت فرمائی اس کا اقتباس بیان کریں۔ ۱۰

(ج) نحوی قواعد کی ابتداء پر روشنی ڈالیں۔ ۵

سوال نمبر6۔ (الف) حجاج بن یوسف ثقفی کے حالات زندگی تحریر کریں۔ ۱۰

(ب) زبان وادب پر احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اثر اندازی تحریر کریں۔ ۱۰

(ج) اپنے اسباق کے باب میں سے کوئی سے پانچ شعراء کے نام تحریر کریں۔ ۵

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

ضمنی امتحان شہادۃ الثانویۃ الخاصۃ (ایف اے سال اول) برائے طلباء سال ۱۴۳۶ھ/2015ء

وقت: تین گھنٹے | پانچواں پرچہ : سیرت و تاریخ | کل نمبر: 100

نوٹ۔ دونوں حصوں سے دو دو سوال حل کریں۔

حصہ اول : سیرت

سوال نمبر1۔ (الف) غزوہ بدر پر مختصر نوٹ لکھیں۔ ۱۰
(ب) نبی اکرم ﷺ کی ولادت مبارکہ کے وقت ظاہر ہونے والے معجزات تحریر کریں۔ ۱۵

سوال نمبر2۔ (الف) بیعت رضوان اور صلح حدیبیہ پر مختصر نوٹ لکھیں۔ ۱۵
(ب) عشرہ مبشرہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے اسماء گرامی تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر3۔(الف) ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کی تعداد تحریر کریں نیز ان میں سے پانچ کے اسماء گرامی سپرد قلم کریں۔ ۱۵
(ب) نبی کریم ﷺ کی اولاد کی تعداد کتنی ہے؟ اور ان کے نام تحریر کریں۔ ۱۰

حصہ دوم : تاریخ

سوال نمبر4۔ خلفاء اربعہ رضی اللہ عنہم کے نام، القاب، کنیت اور سن وصال تحریر کریں۔ ۲۵

سوال نمبر5۔ خلفاء اربعہ رضی اللہ عنہم میں سے ہر ایک کی شان میں کم از کم ایک ایک حدیث قلمبند کریں۔ ۲۵

سوال نمبر6۔ (الف) خلفاء اربعہ رضی اللہ عنہم میں سے ہر ایک کی مدت خلافت تحریر کریں۔ ۱۰
(ب) خلفاء اربعہ رضی اللہ عنہم میں سے کون شہید ہوئے اور کہاں؟ نیز سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے قبول اسلام کے بارے میں کوئی ایک روایت نقل کریں۔ ۱۵

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

ضمنی امتحان شہادۃ الثانویۃ الخاصۃ (ایف اے سال اول) برائے طلباء سال ۱۴۳۶ھ/2015ء

وقت: تین گھنٹے | چھٹا پرچہ: بلاغت | کل نمبر: 100

نوٹ۔ کوئی سے چار سوال حل کریں۔

سوال نمبر1۔ (الف) فصاحت وبلاغت کی لغوی واصطلاحی تعریف کریں۔ ۱۰

(ب) مندرجہ ذیل اصطلاحات میں سے کسی تین کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں۔ ۱۵

تنافر حروف، فصاحت فی المتکلم، غرابت، علم معانی

سوال نمبر2۔ (الف) امر کی تعریف اور اس کے صیغہ جات مع امثلہ تحریر کریں۔ ۱۰

(ب) وقد تخرج صیغ الامر عن معناها الاصلی الی معان آخر تفهم من سیاق الکلام وقرائن الاحوال

مندرجہ بالا عبارت کی تشریح سپرد قلم کریں نیز اس کی کم از کم تین مثالیں تحریر کریں۔ ۱۵

سوال نمبر3۔ الاستعارۃ هی مجاز علاقته المشابهة کقوله تعالی کتاب انزلناه الیک لتخرج الناس من الظلمات الی النور ای من الضلال الی الهدی فقد استعملت الظلمات والنور فی غیر معناهما الحقیقی والعلاقة المشابهة بین الضلال والظلام والهدی والنور والقرینة ماقبل ذالک

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں۔ ۱۰

(ب) اغراض تشبیہ مع امثلہ تحریر کریں۔ ۱۵

سوال نمبر4۔ مندرجہ ذیل میں سے پانچ کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں۔ ۲۵

تشبیہ، استعارہ مصرحہ، اقتباس، التلمیح ،مجاز عقلی، مجاز مرسل، حسن التخلص، التضمین، کنایہ ،تعقید لفظی ومعنوی

سوال نمبر5۔ (الف) قصر کی تعریف لکھیں اور اس کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں مثالیں دیکر وضاحت کریں۔ ۱۵

(ب) طرق قصر تحریر کریں۔ ۱۰